## کراچی میں ماتمی جلوس میں خودکش حملے میں درجنوں عزادارانِ حسین کی شہادت اور بولٹن مارکیٹ اور دیگر مارکیٹوں کی ہزاروں دکانوں کی تباہی کے سوگ میں نئے سال کے آغاز پر کسی بھی قسم کا جشن نہ منائیں۔الطاف حسین کی عوام سے اپیل

لندن۔۔۔۔31 دسمبر2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے عوام سے دردمندانہ اپیل کی ہے کہ وہ یوم عاشور کے موقع پر کراچی میں ماتمی جلوس میں خودکش حملے میں درجنوں عزادارانِ حسین کی شہادت اور بولٹن مارکیٹ اور دیگر مارکیٹوں کی ہزاروں دکانوں کی تباہی کے سوگ میں نئے سال کے آغاز پر کسی بھی قسم کا جشن نہ منائیں۔اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ چندروزقبل کراچی پر جو قیامت صغریٰ ڈھائی گئی ہے اس کے باعث شہر کے ہزاروں گھروں میں ماتم برپا ہے، درجنوں معصوم و بے گناہ نوجوان، بزرگ، مائیں بہنیں، بچے اور بچیاں شہیداوردرجنوں زخمی ہوئے اوراس کے بعددہشت گردوں کے ہاتھوں کئی مارکیٹوں کی ہزاروں دکانیں جل کرخاکستر ہوگئیں اور ہزاروں خاندانوں کا معاشی قتل عام ہوا۔جناب الطاف حسین نے عوام سے اپیل کی کہ وہ اس قیامت صغریٰ کے سوگ میں نئے سال کے آغاز پر کسی بھی قسم کا جشن نہ منائیں اورآتشبازی وغیرہ سے گریز کریں۔

## ایم کیوایم کے قائدالطاف حسین اورصدرآصف علی زرداری کے درمیان ٹیلیفون پر گفتگو

## دونوں رہنماؤں کا کراچی میں خودکش بم دھماکے اور مارکیٹوں کوآگ لگائے جانے کے واقعہ پراظہارافسوس

## بولٹن مارکیٹ کے دکانداروں کا سب کچھ تباہ ہوگیا ہے لہٰذاان تباہ حال تاجروں اوردکانداروں کے نقصانات کے ازالے کیلئے وفاق کی جانب سے فی الفورمزیدریلیف کا اعلان کیا جائے۔الطاف حسین کی صدرآصف زرداری سے درخواست

## بولٹن مارکیٹ کے متاثرہ دکانداروں کیلئے جلد ہی ریلیف کا اعلان کروں گا،صدرزرداری کی الطاف حسین کو یقین دہانی

## الطاف حسین اورصدرآصف علی زرداری کے درمیان ملک کی موجودہ سیاسی صورتحال پر بھی تبادلہ خیال

لندن۔۔۔۔30 دسمبر2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین اورصدرآصف علی زرداری کے درمیان بدھ کی شب ٹیلیفون پر گفتگو ہوئی۔دونوں رہنماؤں نے کراچی میں یوم عاشور کے موقع پر ہونے والے خودکش بم دھماکے اور مارکیٹوں کوآگ لگائے جانے کے واقعہ پر افسوس کا اظہار کیا۔جناب الطاف حسین نے صدرآصف زرداری کو بولٹن مارکیٹ میں دہشت گردوں کی جانب سے لوٹ مار اور دکانوں کو نذرآتش کرنے کے واقعات سے آگاہ کیا اور صدرمملکت سے درخواست کی کہ بولٹن مارکیٹ کے دکانداروں کا سب کچھ تباہ ہوگیا ہے لہٰذاان تباہ حال تاجروں اوردکانداروں کے نقصانات کے ازالے کیلئے وفاق کی جانب سے فی الفورمزیدریلیف کا اعلان کیا جائے اوران کی بحالی کیلئے ہرممکنہ اقدامات کئے جائیں۔صدرآصف علی زرداری نے جناب الطاف حسین کو یقین دلایا کہ بولٹن مارکیٹ کے متاثرہ دکانداروں کیلئے وہ جلد ہی ریلیف کا اعلان کریں گے۔دونوں رہنماؤں کے درمیان ملک کی موجودہ سیاسی صورتحال پر بھی تبادلہ خیال ہوا۔

## عوام بالخصوص مخیّر حضرات متاثرہ تاجروں کی بحالی کیلئے سٹی ڈسٹرکٹ گورنمنٹ کراچی

## کے امدادی فنڈ میں بڑھ چڑھ کر عطیات جمع کرائیں، الطاف حسین

## ہزاروں تاجر معاشی طور پر تباہ ہوگئے، آزمائش کی اس گھڑی میں ہر شہری کا فرض ہے کہ وہ اپنے متاثرہ بھائیوں کی بحالی میں تعاون کریں

## عوام اپنے عطیات حبیب بنک، کے ایم سی برانچ کے اکاؤنٹ نمبر A/C No. 31618-0 میں جمع کراسکتے ہیں

## ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی، تنظیمی کمیٹی، نائب سٹی ناظمہ محترمہ نسرین جلیل اور ایم کیوایم یوتھ ونگ کے انچارج سے ٹیلی فون پر گفتگو

لندن۔۔۔31، دسمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے عوام بالخصوص مخیّر حضرات سے پرزور اپیل کی ہے کہ وہ سانحہ کراچی کے تباہ حال تاجروں اور دکانداروں بحالی کیلئے بڑھ چڑھ کر تعاون کریں اور سٹی ڈسٹرکٹ گورنمنٹ کراچی کے تحت قائم کئے گئے امدادی فنڈ میں اپنی بساط کے مطابق عطیات جمع کرائیں۔ جمعرات کو ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی اور تنظیمی کمیٹی کے اراکین، سٹی نائب ناظمہ محترمہ نسرین جلیل اور ایم کیوایم یوتھ ونگ کے انچارج علی راشد سے ٹیلی فون پر گفتگو کرتے ہوئے جناب الطاف حسین نے کہا کہ یوم عاشور کے ماتمی جلوس پر خودکش حملہ کے فوری بعد ہزاروں دکانوں اور مارکیٹوں کو نذر آتش کر کے تباہ و برباد کر دیا گیا جسکے باعث تاجروں کو اربوں روپے کا نقصان ہوا۔ ہزاروں تاجر اور دکاندار اپنی عمر بھر کی پونجی سے محروم ہوگئے اور معاشی طور پر تباہ ہوگئے۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ آزمائش کی اس گھڑی میں ہر شہری کا فرض ہے کہ وہ اپنے ان تباہ حال بھائیوں سے دلی یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے ان کی بحالی میں بھرپور تعاون کریں۔ انہوں نے کہا کہ متاثرہ تاجروں کی امداد کیلئے سٹی ڈسٹرکٹ گورنمنٹ کراچی کی جانب سے خصوصی فنڈ قائم کر دیا گیا ہے اور عوام اپنے عطیات حبیب بنک، کے ایم سی برانچ کے اکاؤنٹ نمبر A/C No. 31618-0 میں جمع کراسکتے ہیں۔ جناب الطاف حسین نے تاجروں، صنعتکاروں، محنت کشوں، مزدوروں، فنکاروں، صحافیوں، طلبا و طالبات اور زندگی کے دیگر شعبوں سے تعلق رکھنے والے عوام بالخصوص مخیّر حضرات سے اپیل کی کہ وہ سانحہ کراچی کے متاثرہ تاجروں کی امداد کیلئے کراچی کی شہری حکومت سے بھرپور تعاون کریں اور اپنی حیثیت کے مطابق اپنے عطیات سٹی گورنمنٹ کے امدادی فنڈ میں جمع کرائیں۔ انہوں نے کہا کہ قطرہ قطرہ کر کے دریا بنتا ہے اور اگر عوام اپنی بساط کے مطابق، 10، 20، 50، 100، 1000 اور 5000 روپے بھی شہری حکومت کے اس فنڈ میں جمع کرائیں تو متاثرہ تاجروں کی بڑی حد تک مدد ہوسکتی ہے۔ جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کے تمام ذمہ داران، منتخب نمائندگان اور کارکنان سے بھی اپیل کی کہ وہ سٹی گورنمنٹ کے امدادی فنڈ میں نہ صرف خود عطیات جمع کرائیں بلکہ اپنے دوست، احباب اور رشتہ داروں سے بھی اپیل کریں کہ وہ متاثرہ تاجروں کی بحالی کیلئے سٹی گورنمنٹ کراچی سے بھرپور تعاون کریں۔

## سال 2009ء میں ایم کیوایم کے 54 کارکنان کو ٹارگٹ کلنگ کا نشانہ بنا کر شہید کیا گیا

## ارباب اختیار و اقتدار نوٹس لیں، رابطہ کمیٹی کی پریس کانفرنس

## نومبر 2009ء سے آج 31 دسمبر 2009ء تک ایم کیوایم کے 13 کارکنان کو ٹارگٹ کلنگ کے دوران شہید کیا جاچکا ہے

کراچی۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن اور صوبائی وزیر رضا ہارون نے کہا ہے کہ سال 2009ء میں ایم کیوایم کے 54 کارکنان کو ٹارگٹ کلنگ کا نشانہ بنا کر شہید کیا گیا ہے جبکہ نومبر، دسمبر 2009ء میں 13 کارکنان شہید کردیئے گئے اس میں سے کسی ایک قاتل بھی آج نہیں پکڑا گیا اس حوالے سے پولیس اور انتظامیہ کو توجہ دیکر اپنا کردار ادا کرنا ہوگا اور انہیں یہ سوچنا ہوگا کہ چند مخصوص علاقوں میں ہی کیوں؟ ایم کیوایم کے کارکنوں کی ٹارگٹ کلنگ ہورہی ہے اور ہم ہیں کہ عوام کو مسلسل صبر کی اپیلیں کررہے ہیں۔ جمعرات کی شام خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں دیگر اراکین رابطہ کمیٹی شعیب بخاری، کنور خالد یونس، وسیم آفتاب، شاہد لطیف، اشفاق منگی اور ڈاکٹر علی حسن کے ہمراہ ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ کراچی میں پرامن ماحول کو سبوتاژ کرنے والے سازشی عناصر کراچی اور پاکستان کے دشمن ہیں۔ مجرموں کو گرفتار کر کے قرار واقعی سزا دی جائے۔ دشمن فرقہ وارانہ فسادات کرانے کی سازش کررہا ہے میڈیا اور ہمارا کام اس سازش کو روکنا ہے۔ قائد تحریک جناب الطاف حسین روز اول سے کراچی اور پاکستان بھر میں فرقہ وارانہ ہم آہنگی کے قیام کیلئے کام کررہے ہیں، رکن رابطہ کمیٹی شعیب بخاری نے کہا کہ ہمیں سوچنا ہوگا کہ کراچی کے حالات خراب کر کے کس کو کیا فائدہ ہوگا؟ خود بھی غور کریں تو معلوم ہوجائے گا کہ ہمیں آپس میں لڑانے کی سازش کون اور کیوں کررہا ہے؟ رضا ہارون نے کہا کہ 31 دسمبر 2009ء کی صبح ساڑھے گیارہ بجے لیاری سیکٹر یونٹ 19 کے جوائنٹ انچارج 41 سالہ عبدالباسط قریشی ولد ڈاکٹر عبدالحنان قریشی اپنی اہلیہ کرن باسط کے ہمراہ گھر سے نکلے تھے کہ گھر کے

باہر گھات لگائے لیاری گینگ وار کے مسلح دہشت گردوں نعیم لاہوتی، جبار، سہیل، وصی لاکھو اور عمر کچھی نے ان پر اندھا دھند فائرنگ کردی ان کے جسم پر چھ گولیاں لگی جبکہ ان کی اہلیہ کو بھی دو گولیاں لگی دونوں کو شدید زخمی حالت میں فوری طور پر اسپتال لیجایا گیا تاہم عبدالباسط زخموں کی تاب نہ لاکر شہید ہوگئے عبدالباسط قریشی کی نماز جنازہ آج ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو سے متصل جناح گراؤنڈ میں ادا کی گئی ہے جبکہ ان کی اہلیہ انتہائی نگہداشت کے وارڈ میں زیر علاج ہیں، ہم اللہ تعالیٰ سے دعا گو ہیں کہ اللہ تعالیٰ انہیں صحت کاملہ عطا کرے۔ جبکہ دو روز قبل پہلا واقعہ مورخہ 28، دسمبر 2009ء بروز منگل رات نو بجے طحہٰ ماجد ولد ماجد رحیم جو اے پی ایم ایس او سٹی کالج کے یونٹ انچارج اور بی کام فائنل ائیر کے طالب علم تھے عشاء کی نماز کی ادائیگی کے بعد صبح کیلئے ناشتہ لیکر گھر جارہے تھے کہ ناظم آباد سونا چاندی شادی لان کے قریب پہلے سے موجود گھات لگائے دہشت گردوں نے ان پر فائرنگ کردی جس سے ان کے سر میں ایک گولی پیوست ہوگئی اور وہ بے ہوش ہوگئے طحہٰ ماجد کو عباسی اسپتال لیجایا گیا جہاں وہ دو روز انتہائی نگہداشت کے وارڈ میں زیر علاج رہنے کے بعد خالق حقیقی سے جاملے۔ طلحہ ماجد شہید ایم کیوایم کے سرگرم کارکنان میں شمار کیے جاتے تھے انہیں علاقے کے منشیات فروشوں اور لینڈ مافیا کی جانب سے دھمکیاں دی جاتی رہی ہیں۔ طلحہ ماجد کی شہادت میں منشیات فروش اور لینڈ مافیا کے دہشت گرد ملوث ہیں۔ گزشتہ دو ہفتوں کے دوران ایم کیوایم کے متعدد کارکنوں کو ٹارگٹ کلنگ کا نشانہ بناکر شہید کیا جاچکا ہے صرف نومبر 2009ء سے آج 31 دسمبر 2009ء تک ایم کیوایم کے 13 کارکنان کو ٹارگٹ کلنگ کے دوران شہید کیا جاچکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یوم عاشور کے مرکزی ماتمی جلوس میں خودکش دھماکہ کے بعد فرقہ وارانہ ہم آہنگی برقرار رکھنے کیلئے قائد تحریک الطاف حسین اور ایم کیوایم کے کارکنان جو کردار ادا کررہے ہیں وہ ان سازشی عناصر کو پسند نہیں آرہا لیکن وہ قتل وغارتگری کے ان واقعات سے ایم کیوایم کے کارکنان کے عزم وحوصلے میں کمی نہیں لائی جاسکتی، ایم کیوایم ماضی میں بھی سازشوں کا سامنا کرچکی ہے اور جو سازشی عناصر یہ سمجھ رہے ہیں کہ وہ ایم کیوایم کے بے گناہ کارکنان کو شہید کرکے شہر کا امن خراب کرسکتے ہیں انہیں معلوم ہونا چاہئے کہ شہر کی ترقی وخوشحالی میں ایم کیوایم کے کارکنان، حق پرست عوامی نمائندے اور عوام دن رات کوشاں ہیں اور اس کے خلاف تمام تر سازشوں کو صبر وتحمل اور اتحاد کے ذریعے ناکام بنادیا جائیگا۔ انہوں نے کہا کہ ملک انتہائی نازک دور سے گزر رہا ہے جبکہ مذہبی انتہاء پسندی اور دہشت گردی نے ملک کو چاروں طرف سے جکڑ رکھا ہے، یوم عاشور کے مرکزی ماتمی جلوس میں خودکش دھماکہ کے ذریعے جس طرح فرقہ وارانہ ہم آہنگی کو سبوتاژ کرنے کی کوشش کی گئی اور اس واقعہ کے بعد منظّم منصوبہ بندی کے تحت مارکیٹوں اور دکانوں کو نذر آتش کیا گیا، ایسے حالات میں جہاں ایک طرف ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین اور تمام کارکنان دن رات انتھک محنت کرکے شہر میں فرقہ وارانہ ہم آہنگی اور امن وامان کو برقرار رکھنے میں مصروف ہیں اور متاثرین کی مدد اور بحالی کیلئے انتھک جدوجہد کررہے ہیں وہیں دوسری جانب ایم کیوایم کے کارکنان کو ٹارگٹ کلنگ کا نشانہ بنانے کے واقعات نہ صرف افسوسناک ہیں بلکہ قابل مذمت بھی ہیں۔ ہم سمجھتے ہیں کہ ایم کیوایم کے بے گناہ کارکنان کی ٹارگٹ کلنگ کے واقعات پرامن کارکنان اور حق پرست عوام کو مشتعل کرکے شہر کے امن کو خراب کرنے کی گھناؤنی سازش کا ایک حصہ ہیں جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ ایسے تمام سازشی عناصر ایم کیوایم اور حق پرست عوام ہی کے نہیں بلکہ ملک کے بھی کھلے دشمن ہیں۔ انہوں نے صدر آصف علی زرداری، وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی، وفاقی وزیر رحمٰن ملک، گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد، وزیراعلیٰ سید قائم علی شاہ سے پرزور مطالبہ کیا کہ ایم کیوایم اور اے پی ایس او کے کارکنان طحہٰ ماجد شہید اور عبدالباسط قرشی شہید سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان کی ٹارگٹ کلنگ کے واقعات کا سنجیدگی سے نوٹس لیا جائے اور بے گناہ کارکنان کو شہید کرنے والوں کو عبرتناک سزا دی جائے۔ انہوں نے ایم کیوایم کے کارکنان اور حق پرست عوام سے اپیل کی کہ وہ ایم کیوایم کے خلاف مسلح دہشت گردی کے واقعات پر ہرگز مشتعل نہ ہوں اور صبر وتحمل کا مظاہرہ کرکے شہر کا امن تباہ کرنے کی سازش کو ناکام بنادیں۔ انہوں نے ایم کیوایم کے تمام شہداء بالخصوص طحہٰ ماجد شہید اور عبدالباسط قریشی شہید کی شہادت پر لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہیں اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔ پریس کانفرنس میں متحدہ قومی موومنٹ کے گزشتہ دو ماہ کے دوران شہید کیے گئے ذمہ داران وکارکنان کی فہرست بھی صحافیوں کو فراہم کی گئی۔

## جماعت اسلامی کراچی سمیت پاکستان بھر میں خودکش حملے کر کے معصوم مسلمانوں کا خون بہانے والے درندہ صفت طالبان کی دہشت گردی اور درندگی میں برابر کی شریک ہے۔ محمد انور

## ملک بھر کے تمام انسانیت پسند عوام خودکش حملوں کی حامی جماعت اسلامی کا سوشل بائیکاٹ کریں

## لاہور میں سری لنکا کی کرکٹ ٹیم پر دہشت گرد حملہ ہو یا راولپنڈی میں جی ایچ کیو پر حملہ ہو، دہشت گردی کے ہر واقعہ کے ڈانڈے جماعت اسلامی اور اس کے مرکز منصورہ سے جا کر ملتے ہیں

## جماعت اسلامی نے قیام پاکستان کی مخالفت کی تھی اور آج بھی وہ ملک دشمن طالبان کی بھرپور حمایت اور ترجمانی کر رہی ہے

لندن۔۔۔31 دسمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن محمد انور نے جماعت اسلامی کے امیر منور حسن کی جانب سے ایم کیو ایم پر شرانگیز اور بیہودہ الزامات کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ جماعت اسلامی کراچی میں یوم عاشور کے موقع پر ہونے والے خودکش بم دھماکہ سمیت پاکستان بھر میں خودکش حملے کر کے معصوم مسلمانوں کا خون بہانے والے درندہ صفت طالبان کی دہشت گردی اور درندگی میں برابر کی شریک ہے لہٰذا ملک بھر کے تمام انسانیت پسند عوام کو چاہیے کہ وہ خودکش حملوں کی حامی جماعت اسلامی کا سوشل بائیکاٹ کریں۔ اپنے ایک بیان میں محمد انور نے کہا کہ جماعت اسلامی کی تاریخ گواہ ہے کہ اس نے قیام پاکستان کی مخالفت کی تھی اور آج بھی وہ ان ملک دشمن طالبان کی بھرپور حمایت اور ترجمانی کر رہی ہے جو پاکستان کی مسلح افواج سے جنگ کر رہے ہیں، فوج کے افسروں اور جوانوں کو شہید کر رہے ہیں، قومی سلامتی کے اداروں پر حملے کر رہے ہیں، ملک بھر میں حساس مقامات، مسجدوں، امام بارگاہوں میں نماز کے اجتماعات اور ماتمی جلوسوں پر خودکش حملے کر کے معصوم شہریوں کا خون بہا رہے ہیں۔ محمد انور نے کہا کہ جماعت اسلامی نہ صرف درندہ صفت طالبان کی حمایت کر رہی ہے بلکہ وہ خودکش حملوں اور دہشت گردی کی کارروائیوں میں طالبان کے ساتھ عملاً شریک بھی ہے۔ چاہے لاہور میں سری لنکا کی کرکٹ ٹیم پر دہشت گرد حملہ ہو یا راولپنڈی میں پاک افواج کے ہیڈکوارٹر پر حملہ ہو، دہشت گردی کے ہر واقعہ کے ڈانڈے جماعت اسلامی اور اس کے مرکز منصورہ سے جا کر ملتے ہیں۔ محمد انور نے کہا کہ کراچی میں یوم عاشور پر ماتمی جلوس میں ہونے والے خودکش حملے کی ذمہ داری طالبان نے قبول بھی کر لی ہے لیکن اسکے باوجود بھی جماعت اسلامی طالبان کو بچانے کیلئے اس دہشت گردی کا الزام بیرونی قوتوں پر ڈال رہی ہے۔ محمد انور نے کہا کہ وقت آ گیا ہے کہ ملک بھر کے عوام درندہ صفت طالبان کی براہ راست حمایت کرنے والی اور طالبان کی دہشت گردیوں میں برابر کی حصہ دار بننے والی جماعت اسلامی کا سوشل بائیکاٹ کریں۔

## قادر مگسی سندھ دشمن قوتوں کے دوست اور سندھ کے دوستوں کے دشمن ہیں

## قادر مگسی 30 ستمبر 1988ء کو حیدر آباد میں سینکڑوں معصوم و بے گناہ اردو بولنے والوں کے قتل عام میں ملوث تھا جس کا مقصد سندھی اور اردو بولنے والے عوام کو آپس میں لڑانا تھا اردو اور سندھی بولنے والے عوام اپنے دوستوں اور دشمنوں کو اچھی طرح پہچان چکے ہیں

## متحدہ قومی موومنٹ کی اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے ارکان غلام حیدر راہو اور حبیب بلیدی کا بیان

کراچی۔۔۔31 دسمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے ارکان غلام حیدر راہو اور حبیب بلیدی نے کہا ہے کہ قادر مگسی سندھ دشمن قوتوں کے دوست اور سندھ کے دوستوں کے دشمن ہیں۔ قادر مگسی کی شرانگیز پریس کانفرنس پر تبصرہ کرتے ہوئے غلام حیدر راہو نے کہا کہ قادر مگسی ہی نے سندھ دشمن قوتوں کے ایجنٹ کی حیثیت سے ہمیشہ سندھ دوستوں کی جڑیں کاٹی ہیں اور سندھ کے حقوق کے نام پر ہمیشہ سندھ کے حقوق غصب کرنے والی قوتوں کی دلالی کی ہے۔ غلام حیدر راہو اور حبیب بلیدی نے کہا کہ قادر مگسی نے ہمیشہ سندھ میں نفرتوں کو پروان چڑھانے اور سندھ کے مستقل باشندوں کو آپس میں لڑانے کی کوششیں کی ہیں، قادر مگسی 30 ستمبر 1988ء کو حیدر آباد میں سینکڑوں معصوم و بے گناہ اردو بولنے والوں کے قتل عام میں ملوث تھا جس کا مقصد سندھی اور اردو بولنے والے عوام کو آپس میں لڑانا تھا اور آج بھی وہ سندھ میں نفرتیں پھیلانے کیلئے سرگرم ہے لیکن اب سندھ کے اردو اور سندھی بولنے والے عوام اپنے دوستوں اور دشمنوں کو اچھی طرح پہچان چکے ہیں اور اب وہ سندھ دشمنوں کو ان کے ناپاک عزائم میں کامیاب نہیں ہونے دیں گے۔

## ایم کیوایم لیاری سیکٹر کے یونٹ 19 کے جوائنٹ انچارج عبدالباسط قریشی کو جرائم پیشہ منشیات فروش اور لینڈ مافیا کے دہشت گردوں نے فائرنگ کرکے شہید کردیا، فائرنگ سے اہلیہ بھی شدید زخمی، ایم کیوایم کے ذمہ داران وکارکنان اسپتال پہنچ گئے

کراچی۔۔۔31، دسمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ لیاری سیکٹر یونٹ 19 کے جوائنٹ انچارج 41 سالہ عبدالباسط قریشی ولد ڈاکٹر عبدالحنان قریشی کو مسلح جرائم پیشہ دہشت گردوں نے فائرنگ کرکے شہید کردیا واقعہ میں عبدالباسط کی اہلیہ کرن باسط شدید زخمی ہوگئی۔تفصیلات کے مطابق ایم کیوایم لیاری سیکٹر یونٹ 19 کے جوائنٹ یونٹ انچارج عبدالباسط قریشی اپنی اہلیہ کے ہمراہ گھر سے نکل کر جارہے تھے کہ گھر کے باہر پہلے سے گھات لگائے لیاری گینگ وار کے مسلح دہشت گردوں نعیم لاہوتی، ماما شعیب، جبار کھجّی، سہیل بلوچ، وصی لاکھو، حارث نیازی، ناصر نیازی، شاہد چاغا اور عمر کھجّی نے ان پر اندھادھند فائرنگ شروع کردی جس کے باعث ان کے جسم پر چھ گولیاں لگی جبکہ ان کی اہلیہ کرن باسط کو بھی دو گولیاں لگی وہ شدید زخمی ہوگئے دونوں زخمیوں کو طبی امداد کیلئے زخمی حالت میں فوری طور پر اسپتال لیجایا گیا جہاں عبدالباسط زخمیوں کی تاب نہ لاکر شہید ہوگئے اور اپنے خالق حقیقی سے جاملے جبکہ ان کی اہلیہ انتہائی نگہداشت کے وارڈ میں زیر علاج ہیں۔واقعے کی اطلاع ملتے ہی ایم کیوایم کے ذمہ داران وکارکنان اسپتال پہنچ گئے، اس موقع پر بعض کارکنان شدید غم سے نڈھال ہوکر ڈھاڑے مار مار کر رورہے تھے جنہیں ایم کیوایم کے کارکنان نے دلاسہ دیا اور صبر کی تلقین کی۔عبدالباسط قریشی شہید کی شادی ڈیڑھ سال قبل ہوئی تھی شہید کے سوگوار میں بیوہ، پانچ بہنیں اور دو بھائی شامل ہیں۔

## ایم کیوایم لیاری سیکٹر کے یونٹ 19 کے جوائنٹ انچارج عبدالباسط قریشی کی شہادت پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔31، دسمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم لیاری سیکٹر یونٹ 19 کے جوائنٹ انچارج عبدالباسط قریشی کی شہادت پر دلی افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی ہے اور کہا ہے کہ میں اور ایم کیوایم کے تمام کارکنان عبدالباسط کی شہادت پر غم زدہ ہیں اور آپ کے دکھ میں برابر کے شریک ہیں۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ عبدالباسط قریشی شہید کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل دے۔(آمین) جناب الطاف حسین نے عبدالباسط قریشی کی بیوہ سے دلی افسوس کا اظہار کرتے ہوئے ان کی جلد و مکمل صحتیابی کیلئے دعا کی ہے۔

## متحدہ قومی مومنٹ کے ارکان رابطہ کمیٹی شاہد لطیف، توصیف خانزادہ، سلیم تاجک اور ٹاؤن ناظم محمد دلاور کا یوم عاشورہ کے موقع پر نذر آتش کی گئیں بولٹن مارکیٹ اور دیگر مارکیٹوں کا دورہ

کراچی۔۔۔31 دسمبر 2009

متحدہ قومی مومنٹ کے ارکان رابطہ کمیٹی شاہد لطیف، توصیف خانزادہ، سلیم تاجک اور ٹاؤن ناظم محمد دلاور نے بدھ کے روز یوم عاشورہ کے موقع پر نذر آتش کی گئیں بولٹن مارکیٹ اور دیگر مارکیٹوں کا دورہ کیا اس موقع پر انہوں نے دکانداروں اور دیگر متاثرین سے فرداً فرداً ملاقات کی اور ان کے مالی نقصانات کے حوالے سے تفصیلات معلوم کیں اور ان کو ہر ممکنہ یقین دلاتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم ان کے غم میں برابر کی شریک ہے اور اس وقت تک چین سے نہیں بیٹھے گی جب تک تمام نقصانات کا ازالہ نہیں ہوجاتا۔اراکان رابطہ کمیٹی نے وہاں جاری بحالی کے کاموں کا جائزہ لیا اور موقع پر موجود ٹاؤن ناظم محمد دلاور کو موقع پر ہی ہدایت جاری کیں۔

## قادر مگسی سندھ میں بھائی چارے اوراتحاد کی فضاء کوسبوتاژ کرنے کی کوشش کر رہے ہیں، سابق اراکین سندھ اسمبلی
## سانحہ پکا قلعہ میں ہزاروں معصوموں کے خون سے ہاتھ رنگنے والے آج طالبان دہشت گردوں کے ترجمان بنے ہوئے ہیں، بیان پر تبصرہ

کراچی۔۔۔31، دسمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے سابق اراکین سندھ اسمبلی نے نام نہاد قوم پرست تنظیم سندھ ترقی پسند پارٹی کے چیئرمین ڈاکٹر قادر مگسی کے بیان کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور کہا کہ قادر مگسی اوران جیسے نام نہادقوم پرستوں نے ہمیشہ سندھ میں بھائی چارے اوراتحاد کی فضا کوسبوتاژ کرنے کی کوشش کی ہے یہ وہی قوم پرست ہیں جن کے ہاتھ ہزاروں معصوموں کے خون سے رنگے ہوئے ہیں۔ایک بیان میں سابق اراکین اسمبلی نے کہا کہ سندھ کے عوام قادر مگسی جیسے نام نہادلیڈروں کے سیاہ کرتوتوں سے اچھی طرح واقف ہیں کہ سانحہ پکا قلعہ حیدرآباد میں ہزاروں معصوم شہریوں کے خون سے ہاتھ کس نے رنگے تھےاورکون وہاں نہتے لوگوں پر فائرنگ کرتا رہا۔انہوں نے کہا کہ قادر مگسی کوسندھ کے باشعوراورغیورعوام مسترد کرچکے ہیں لہٰذااب وہ اب طالبان اوران کے سرپرستوں کے پے رول پرکام کررہے ہیں اور سندھ میں مذہبی انتہاء پسندی کے فروغ اور بھائی چارے کی فضاء کوسبوتاژ کرنے کے گھناؤنے منصوبے پرعمل پیرا ہیں۔ایم کیوایم نام نہادقوم پرستوں اوران کے زمینی آقاؤں طالبان دہشت گردوں کے ناپاک عزائم کی تکمیل میں سب سے بڑی رکاوٹ ہے۔سابق اراکین سندھ اسمبلی نے کہا کہ سندھ کے عوام اپنے مثالی اتحاد سے طالبانائزیشن کے حامی اورنام نہادجعلی قوم پرستوں کی تمام سازشوں کوخاک میں ملاکرناکام بنادینگے۔

## طحہٰ ماجدکوشناخت کرنے کے بعدفائرنگ کرکے شہید کیا گیا، سازشی عناصر کی ایماء پرایک مرتبہ پھرمسلح دہشت گرد
## بے گناہ کارکنان کے خون سے ہولی کھیل رہے ہیں، اے پی ایم ایس او

کراچی۔۔۔31، دسمبر 2009ء

آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن کے چیئرمین ومرکزی کمیٹی کے اراکین نے مطالبہ کیا ہے کہ مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ سے اے پی ایم ایس اوسیکٹرB کے یونٹ سیکریٹری طحہٰ ماجد کے بہیمانہ قتل کاسختی سے نوٹس لیاجائے اورشہرکاامن تباہ کرنے میں ملوث دہشت گردوں کے خلاف سخت ترین کارروائی عمل میں لائی جائے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ طحہٰ ماجدکوشناخت کرنے کے بعدفائرنگ کرکے شہید کیا گیا ہے جواس بات کی جانب واضح اشارہ ہے کہ سازشی عناصر کی ایماء پرایک مرتبہ پھرمسلح دہشت گرد ایم کیوایم کے بے گناہ کارکنان کے خون سے ہولی کھیل رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم پرامن جمہوری جماعت ہےاورسازشی عناصرقتل وغارتگری کے ہتھکنڈوں کے ذریعے کارکنان میں اشتعال اورشہرکاامن تباہ کرنے پر تلے ہوئے ہیں جس میں وہ ہمیشہ کی طرح ناکام ہونگے۔انہوں نے کارکنان سے اپیل کی کہ وہ طحہٰ ماجد کے بہیمانہ قتل پرصبرکا مظاہرہ کریں اور ماضی کی طرح سازشوں کواپنے اتحاد سے ناکام بنادیں۔چیئرمین ومرکزی کمیٹی کے اراکین نے صدرمملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی، وفاقی وزیرداخلہ رحمان اوروزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ طحہٰ ماجد کے قاتلوں کوفی الفورگرفتارکیاجائے اورشہرکاامن تباہ کرنے والے دہشت گردوں کے گردگھیرا تنگ کرکےان کے خلاف ٹھوس کارروائی عمل میں لائی جائے۔

## ایم کیوایم کے سوگوار کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔31، دسمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم معمار اسکیم 33 سیکٹر کے سیکٹرانچارج عبداللہ کی والدہ حسن بی بی، ایم کیوایم کورنگی سیکٹر یونٹ 74 کے کارکن قمر کی والدمحمد ایوب قریشی، ایم کیوایم لیاقت آباد سیکٹر یونٹ 159 کے کارکن محمد ایوب قریشی کی والدہ زرینہ یعقوب، ایم کیوایم اورنگی سیکٹر یونٹ B-118 کے کارکن خرم کی والدہ خورشید بانواورایم کیوایم کورنگی سیکٹر یونٹ 75 کے کارکن ویوسی 4 کےحق پرست ناظم ایس معین کی والدہ فاطمہ بی کے انتقال پرگہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطافرمائے اورسوگواران کوصبرجمیل عطا کرے۔(آمین)

☆☆☆☆☆